سوال

(139)مردے سے منکر نکیر کہاں پر سوال کرتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردے سے منکر نکیر کہاں پر سوال کرتے ہیں۔ گھر میں بستر یا غسل کرتے وقت یا قبرستان لے جاتے وقت راستہ میں یا قبر کے اندر؟اور جس وقت منکر نکیر سوال کرتے ہیں۔ مردے کو ہوش وحواس موافق زندگی کے رہتے ہیں۔ یا اس وقت کچھ فرق رہتا ہے۔ اور سوال کرتے وقت مردہ اچھی طرح اپنی موت اور زندگی کو سمجھتا ہے۔ یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے۔ کے قبر میں مردہ جب داخل کیا جاتا ہے۔ تو اس کو بٹھا کر سوال کرتے ہیں۔ اس وقت اس کو ہوش ہوتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص353

محدث فتویٰ